GENERATION NEW ERA
A STUDY OF CHILDREN BORN IN THE 2020s

UCL University College London

آپ جنریشن نیو ایرا کا حصہ بننے کے لیے مدعو ہیں

محترم والدین،

ہم آپ کو جنریشن نیو ایرا کا حصہ بننے **کی دعوت دے رہے ہیں**—یہ 2026 میں پیدا ہونے والے 30,000 بچوں اور ان کے خاندانوں پر کیا جانے والا UK کا ایک نیا مطالعہ ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ چند ماہ قبل آپ کو ہماری طرف سے ایک خط موصول ہوا تھا۔

یہ مطالعہ بچوں کی صحت اور ہماری بدلتی ہوئی دنیا میں ان کی نشوونما کے بارے میں اہم سائنسی معلومات جمع کرتا ہے۔ اس سے پورے UK میں خاندانوں کے لیے معاونت کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اس میں ماؤں اور والد صاحبان سے ان کے بارے میں اور ان کے بچے کے بارے میں انٹرویوز شامل ہیں۔

آپ اس مطالعے میں کیا کچھ شامل ہے اور ہم آپ سے کیا پوچھیں گے، اس بارے میں مزید معلومات gnestudy.info پر حاصل کر سکتے ہیں۔ وہاں آپ کو مطالعاتی رہنما کی ایک کاپی بھی مل جائے گی۔ اس میں حصہ لینا یا نہ لینا آپ کی اپنی مرضی ہے اور آپ کسی بھی وقت اس سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔ حصہ لینے پر شکریے کے طور پر، **حصہ لینے والے ہر والد یا والدہ کو ایک واؤچر دیا جائے گا۔**

جنریشن نیو ایرا کی قیادت University College London (UCL) کر رہی ہے۔ انٹرویوز تین آزاد تحقیقی اداروں—Ipsos، NatCen اور Verian—کے ذریعے کیے جائیں گے۔ اس کی مالی معاونت Economic and Social Research Council کی جانب سے کی جا رہی ہے۔

اس کے بعد کیا ہوگا؟

- آنے والے دنوں میں **ایک دوستانہ اور تربیت یافتہ انٹرویو لینے والا آپ کے پتے پر آئے گا،** آپ کو مطالعے کے بارے میں بتائے گا اور آپ کے سوالات کے جواب دے گا۔ اگر **آپ گھر پر موجود نہ ہوں یا اس وقت آپ کے لیے مناسب نہ ہو،** تو وہ کسی اور وقت دوبارہ آئیں گے۔
- اگر **آپ حصہ لینا چاہتے ہیں** تو انٹرویو لینے والا آپ کی سہولت کے مطابق وقت طے کرے گا۔ آپ کا انٹرویو لینے والا **اپنے ساتھ تصویر والا شناختی کارڈ رکھے گا** تاکہ آپ تصدیق کر سکیں کہ وہ کون ہیں۔
- چونکہ ہمارے پاس صرف آپ کا نام اور پتہ ہے، اس لیے انٹرویو لینے والا آپ کو ای میل یا ٹیکسٹ نہیں کر سکتا۔ آپ اپنے رابطے کی تفصیلات یا آپ سے ملنے کے لیے مناسب ترین وقت **ipsos.uk/contactgne** پر بتا سکتے ہیں۔
- اگر آپ حصہ نہیں لینا چاہتے، تو ہمیں **فری فون 0800 151 0610** یا gnestudy@ipsos.com پر بتا دیں۔ ہم انٹرویو لینے والے کو مطلع کر دیں گے اور اس کے بعد آپ سے مزید رابطہ نہیں کریں گے۔

آپ کی مدد کے لیے پیشگی شکریہ۔ ہمیں پوری امید ہے کہ آپ اس اہم مطالعے کا حصہ بننے کا فیصلہ کریں گے۔ مزید معلومات کے لیے براہِ کرم اس خط کے پچھلے حصے میں دیئے گئے مطالعاتی رہنما اور سوالات و جوابات پڑھیں۔

آپ کا خیراندیش،

Alissa Goodman

Professor Alissa Goodman, CBE، Study Director, UK
University College London

براہِ کرم صفحہ پلٹیں

اس میں کیا شامل ہے؟

ہم ہر بچے کی زندگی کی مکمل تصویر سمجھنے میں مدد کے لیے ماؤں اور والد صاحبان کے خیالات جاننا چاہتے ہیں۔ اگر آپ اپنے بچے کے دوسرے والد یا والدہ کے ساتھ رہتے ہیں تو ممکن ہے کہ انہیں بھی یہ خط موصول ہوا ہو۔ ایک والد یا والدہ کے لیے انٹرویو، انٹرویو لینے والے کے ساتھ بالمشافہ تقریباً 60 منٹ کا ہوگا، جبکہ دوسرے والد یا والدہ کے لیے (اگر وہ اسی پتے پر رہتے ہیں) تقریباً 30 منٹ کا ہوگا، جو بالمشافہ یا آن لائن کیا جا سکتا ہے۔ **اس مطالعے میں حصہ لینا مکمل طور پر آپ کی اپنی مرضی پر منحصر ہے۔**

ایک والد یا والدہ کو مطالعے کی اسمارٹ فون ایپ BabySteps ڈاؤن لوڈ کرنے کی دعوت دی جائے گی۔ آپ اپنے بچے کی نشوونما کے اہم مراحل پر نظر رکھ سکتے ہیں اور تحقیقی سرگرمیوں میں حصہ لے کر اضافی واؤچرز حاصل کر سکتے ہیں۔

ہم ہر چند سال بعد آپ سے دوبارہ بات کرنا چاہیں گے تاکہ معلوم کیا جا سکے کہ آپ کا بچہ بڑا ہوتے ہوئے کیسا کر رہا ہے۔ غالب امکان ہے کہ اگلی بار اس وقت رابطہ کیا جائے گا جب وہ 3 سال کا ہوگا۔ **حصہ لینے کا فیصلہ کرنا ہمیشہ آپ کے اپنے اختیار میں ہے۔**

اس قسم کی تحقیق میں UK کا دنیا میں ایک نمایاں مقام ہے۔ 1946، 1958، 1970 اور 2000 میں پیدا ہونے والے لوگوں کے قومی مطالعات آج بھی جاری ہیں۔

مجھے اس مطالعے کے لیے کیسے منتخب کیا گیا ہے؟

اس مطالعے میں وہ بچے شامل ہیں جو 2026 میں پیدا ہوئے ۔ ہم ہر کسی کو دعوت نہیں دے سکتے، لیکن جن خاندانوں کو حصہ لینے کی دعوت دی گئی ہے وہ ہر علاقے اور مجموعی طور پر UK کے مختلف پس منظر رکھنے والے خاندانوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔

انگلینڈ، ویلز اور سکاٹ لینڈ میں خاندانوں کو پیدائش کے ریکارڈ استعمال کرتے ہوئے حصہ لینے کی دعوت دی گئی ہے۔ انگلینڈ اور ویلز کے لیے یہ ریکارڈ NHS انگلینڈ کے پاس، جبکہ سکاٹ لینڈ کے لیے پبلک ہیلتھ سکاٹ لینڈ اور سکاٹ لینڈ کے قومی ریکارڈز کے پاس موجود ہیں۔ ان اداروں نے آپ کا نام، پتہ اور آپ اور آپ کے بچے کے بارے میں اضافی معلومات فراہم کیں۔ شمالی آئرلینڈ میں، خاندانوں کو آپ کے Health Trust کے پاس موجود زچگی کے ریکارڈز کے ذریعے اس مطالعے میں شرکت کے لیے مدعو کیا گیا ہے۔ Health Trust نے آپ کا نام، آپ کا پتہ، اور آپ اور آپ کے بچے کی پیدائش کا مہینہ اور سال فراہم کیا ہے۔

ہمیں ان ریکارڈز سے معلومات حاصل کرنے اور آپ سے رابطہ کرنے کے لیے NHS England کے آزاد Advisory Group for Data، NHS Scotland Public Benefit and Privacy Panel، اور Northern Ireland Health and Social Care Trusts سے خصوصی منظوری حاصل ہے۔ رضامندی کے بغیر مریض کی خفیہ معلومات کے استعمال کو Confidentiality Advisory Group کے مشورے کے بعد Health Research Authority کی حمایت حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے اس مطالعے کا بغور جائزہ لیا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے ڈیٹا اور رازداری کا تحفظ ہو۔

اگر میں اپنے بچے کے دوسرے والد یا والدہ سے الگ رہتا یا رہتی ہوں تو کیا ہوگا؟

ہر بچے کی زندگی کو مکمل طور پر سمجھنے میں ہماری مدد کے لیے ہم ان ماؤں یا والد صاحبان کو بھی اس مطالعے میں شامل کرنا چاہتے ہیں جو اپنے بچے کے دوسرے والد یا والدہ سے الگ رہتے ہیں۔ اگر آپ اپنے بچے کے دوسرے والد یا والدہ سے الگ رہتے ہیں تو ہم انٹرویو کے دوران آپ سے ان سے رابطہ کرنے کے بارے میں پوچھیں گے۔ اگر آپ ترجیح دیتے ہیں کہ ہم آپ کے بچے کے دوسرے والد یا والدہ سے رابطہ نہ کریں، یا آپ کو کوئی تشویش ہے، تو آپ اپنے انٹرویو لینے والے کو اس بارے میں بتا سکتے ہیں۔

میری معلومات کو محفوظ کیسے رکھا جاتا ہے؟

آپ کے جوابات کو مکمل طور پر رازدارانہ رکھا جائے گا اور انہیں صرف تحقیق کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ UCL کو آپ کا ذاتی ڈیٹا استعمال کرنے کی اجازت ہے کیونکہ یہ مطالعہ GDPR کے تحت عوامی مفاد میں انجام دی جانے والی ایک ذمہ داری کے طور پر کیا جا رہا ہے۔ GDPR وہ قانون ہے جو آپ کی ذاتی معلومات کے تحفظ کے لیے ہے۔ اگر آپ حصہ نہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو پیدائش کے ریکارڈ سے حاصل کردہ آپ اور آپ کے بچے کا نام اور پتہ محفوظ نہیں رکھا جائے گا اور نہ ہی کسی دوسرے مقصد کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ ہم پیدائش کے ریکارڈ سے حاصل ہونے والی دیگر محدود آبادیاتی معلومات کا استعمال یہ سمجھنے کے لیے کریں گے کہ کون لوگ اس میں حصہ لیتے ہیں اور کون نہیں لیتے، اور یہ یقینی بنانے کے لیے کہ نتائج UK کے مختلف خاندانوں کی وسیع نمائندگی کرتے ہیں۔ اس کے بعد ہم یہ معلومات بھی محفوظ طریقے سے حذف کر دیں گے۔ مکمل تفصیلات کے لیے براہِ کرم **gnestudy.info/privacy پر ہمارا Privacy Notice ملاحظہ کریں۔**

Ipsos | National Centre for Social Research | verian

Freepost IPSOS GNE STUDY | @gnestudy | gnestudy.info | 0800 151 0610 | gnestudy@ipsos.com